

# صحت مند اسکول: والدین کے لئے تراکیب

شائع کردہ از خلاف منشیات تعلیمی سیکشن ایجوکیشن بیورو http://www.edb.gov.hk/antidrugforparents جولائی 2014 (تیسرا شمارہ)

## منشیات کے غیر قانونی لین دین میں ملوث نوجوانوں کی تعداد میں اضافہ

چونکہ گرمیوں کی طویل چھٹیاں پہلے ہی شروع ہو چکی ہیں، ہم والدین کو پُر زور تجویز دیتے ہیں کہ اپنے بچوں کی مسلسل نگہداشت کرتے رہیں کیونکہ اسکول کی چھٹیوں کے دوران بدمعاش لوگ نوجوانوں کو منشیات استعمال کرنے یا منشیات کے غیر قانونی لین دین میں شرکت کرنے کے لئے ورغلانے کی غرض سے ہمیشہ مختلف ہتھکنڈے استعمال کرتے ہیں۔ والدین کو چاہئے کہ اپنے بچوں کو غیر صحت بخش کاموں سے متاثر ہونے سے بچانے کے لئے زیادہ صحت بخش سرگرمیوں کا بندوبست کرکے ان کے ساتھ شامل ہو کر گرمیوں کی چھٹیوں کو اچھی طرح استعمال کریں۔ منشیات کےغلط استعمال کی مرکزی رجسٹری کے مطابق، 2014 کی پہلی سہ ماہی میں مبینہ طور پر منشیات استعمال کرنے والوں کی کل تعداد 2013 کے اسی عرصے میں اس تعداد سے 13% کم تھی۔ تاہم، ہانگ کانگ پولیس کی تازہ ترین معلومات نے ظاہر کیا ہے کہ خطرناک منشیات کا غیر قانونی لین دین کرنے پر گرفتار کئے جانے والے 10 سے 15 سالہ نوجوانوں کی تعداد 2012 میں 52 سے بڑھ کر 2013 میں 95 ہو گئی ہے، جس سے 82% اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔ کئی نوجوانوں کو منشیات کے غیر قانونی کاروبار کرنے والوں نے گمراہ کیا کہ، 16 سال سے کم عمر ہونے کی وجہ سے منشیات کا غیر قانونی لین دین کرنے اور منشیات کے غلط استعمال کے لئے ان پر بالغوں کی نسبت کم قانونی ذمہ داری عائد ہوگی۔ ان کا خیال ہے کہ انہیں قید کی سزا دینے کی بجائے صرف پروبیشن افسروں کی نگرانی میں زیر آزمائش رکھا جائے گا۔ حقیقت حال یہ ہے کہ، ہانگ کانگ کے قانون کے مطابق، منشیات کے غیر قانونی لین دین کے جُرم کا قصور وار شخص $5,000,000 جرمانہ اور عمر قید کی سزا کا مستوجب ہوگا۔ چنانچہ والدین کو چاہئے کہ منشیات کا غیر قانونی لین دین کرنے والوں کو مواقع دینے سے بچنے کے لئے اپنے بچوں کے رویے پر توجہ دیں، انہیں رہنمائی مہیا کریں اور ان میں مثبت اقدار پیدا کریں۔

.

### ایک عدالتی مقدمہ جس میں ایک 16 سالہ لڑکا ملوث تھا جو 1.45 کیلو گرام کیٹامین کا غیر قانونی لین دین کرتا ہوا پایا گیا۔

**نام: مِنگ**

**عمر: 15**

**جنس: مرد**



مقدمہ: ایک خطرناک نشہ آور دوا (1.45 کیلوگرام کیٹامین) کا غیر قانونی لین دین

**سزا:**

8.5 سال قید

مِنگ کے پاس اس کا "نیا دوست" آیا اور کہا آیا وہ ایک قیمتی چائے کی فراہمی کر کے رقم کمانا چاہتا ہے، جس کے لئے اس کو $1500 کی ادائیگی کی جائے گی۔ اس نے یہ پیش کش قبول کر لی اور اس کو فوری طور پر نقد رقم ادا کر دی گئی۔ مِنگ اور اس کے "نئے دوست" نے شنگ شوئی میں ایک سب وے کے اندر ایک ٹریفک کون کے نیچے سے دو تھیلے اٹھا لئے۔ اس کو ایک تھیلا اپنے پاس رکھنے اور بعد میں کسی کو دینے کے لئے کہا گیا۔ پھر ان کو کسٹم و ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کے سفید کپڑوں میں ملبوس افسروں نے راستے میں پکڑ لیا۔ ان کے تھیلوں کی تلاشی لی گئی جن میں 1.45 کیلوگرام کیٹامین پائی گئی۔ جب مِنگ کو پکڑا گیا تو اس کی عمر صرف 15 سال تھی۔ کورٹ آف اپیل کے دئیے گئے سزا دہی کے رہنما اصولوں کے مطابق 1 کیلوگرام سے زائد مقدار میں کیٹامین کے غیر قانونی لین دین کو 14 سال اور اس سے زائد سزا دی جاتی ہے۔ چونکہ مِنگ نے اپنی غلطی مان لی تھی، اس لئے اس کو 8.5 سال قید کی سزا سنائی گئی۔

*ذریعہ: ہانگ کانگ کے خصوصی انتظامی علاقے کی عدالت عالیہ کا ویب پیج*

*此内容不提供中文版*

** اس حصے کے لئے کوئی چینی نسخہ مہیا نہیں کیا گیا۔*




### منشیات سے متعلقہ قانون کے تحت زیادہ سے زیادہ سزا

| سرگرمی | جرمانہ | قید |
|---|---|---|
| نشہ آور دوا کا قبضے میں ہونا اور استعمال | HK $1,000,000 | 7 سال |
| نشہ آور دوا کا غیر قانونی لین دین | HK $5,000,000 | عمر قید |
| خطر ناک نشہ آور دوا کی تیاری | HK $5,000,000 | عمر قید |
| منشیات استعمال کرنے کیلئے پائپوں اور سامان کا قبضے میں ہونا | HK $10,000 | 3 سال |

## نوجوانوں میں منشیات کے استعمال کی تازہ ترین صورت حال


ذریعہ: منشیات کے استعمال کی مرکزی رجسٹری، سیکوریٹی بیورو کا شعبۂ منشیات (2014 کی پہلی سہ ماہی کے اعداد وشمار)

### 21 سال سے کم عمر کے منشیات استعمال کرنے والوں کے لئے منشیات استعمال کرنے کی جگہ





- اعدادوشمار سے منشیات کے پوشیدہ استعمال کا بڑھتا ہوا رُجحان ظاہر ہوا ہے۔ منشیات استعمال کرنے والے نوجوانوں میں سے زیادہ تر نے گھر پر منشیات استعمال کرنے انتخاب کیا۔
- مبینہ نئے استعمال کرنے والوں میں منشیات استعمال کرنے کا وقت 2008 میں 1.9 سال سے بڑھ کر 2014 کی پہلی سہ ماہی میں 5.3 سال ہوگیا


### 21 سال سے کم عمر کے مبینہ منشیات استعمال کرنے والوں کی تعداد بہ لحاظ ضلع




شائع کردہ از خلاف منشیات تعلیمی سیکشن ایجوکیشن بیورو جولائی 2014 (تیسرا شمارہ)

## منشیات کے استعمال کی عام اقسام



## منشیات کے استعمال کا سبب




### منشیات کے پہلے استعمال کی اوسط عمر

| | |
|---|---|
| مرد | 15 سال |
| عورت | 14 سال |




## والدین کے لئے خلاف منشیات تعلیمی تراکیب

والدین کو چاہئے کہ اگر وہ اپنے بچوں میں مندرجہ ذیل اشاروں / رویوں کا مشاہدہ کریں تو انہیں بروقت رہنمائی مہیا کریں اور پیشہ ور ماہرین سے مدد حاصل کریں:

- اسکول سے غیر حاضری جس کی وضاحت نہ کی جا سکے اور تعلیمی کارکردگی میں اچانک پیچھے رہ جانا
- اکثر گھر سے دیر تک باہر رہنا، گھر سے طویل یا اکثر غیر حاضری
- جیب خرچ کا بار بار مطالبہ کرنا یا گھر سے قیمتی اشیاء کا غائب ہونا
- اپنی خواب گاہ اورغسل خانے میں طویل وقت کے لئے رہنا یا دوسرے اہلِ خاندان سے دور رہنا
- مزاج میں اچانک تبدیلیاں، غیر معمولی اضطراب، ناقص یادداشت، سمعی اور بصری ہذیان، فوراً غصے میں آ جانا، بے چینی اور سونے کے انداز میں بے ترتیبی
- بھوک میں کمی، تھکاوٹ، ناقابل فہم گویائی، سُست رد عمل
- ان کے دوست پُراسرار دکھائی دیتے ہیں اور چور بولی میں اشاروں کنایوں سے بات کرتے ہیں
- جسم سے ناخوشگوار بُو
- نامعلوم ذریعے سے حاصل کردہ گولیاں اور پاؤڈر، ادویات کا سامان جیسے کھانسی کا شربت، ٹین کی پنی، پلاسٹک کی بوتلیں یا دو اسٹرا والے مشروب کے ڈبے, غیر معمولی طور پر چھوٹے اسٹرا، وغیرہ۔

**اگر آپ کو پتہ چلے کہ آپ کا بچہ منشیات لے رہا ہے تو پُر سکون رہیں۔**

**تنقید کرنے سے پرہیز کریں، پہلے ان کی بات سُنیں اور پیشہ ور ماہرین سے مدد طلب کریں۔**



*ذریعہ: سیکوریٹی بیورو کا شعبۂ منشیات*

## آپ منشیات کے بارے میں کس قدر جانتے ہیں

مندرجہ ذیل دو اشیاء: ٹِشوز کا ایک پیکٹ اور بینک نوٹ مشترک دکھائی دیتے ہیں لیکن در حقیقت یہ منشیات سے تعلق رکھتے ہیں۔



تصویر 1



تصویر 2

**تصویر 1 :**

منشیات کے بعض استعمال کرنے والے تشو کو نامیاتی محلل میں بھگو لیتے ہیں تاکہ جب انہیں ضرورت ہو تو وہ سانس کے ذریعے بخارات کو اندر داخل کر لیں لیکن اس بات کا آسانی سے پتہ نہ چل سکے۔

**تصویر 2 :**

منشیات (مثلاً : کیٹامین) بینک نوٹوں میں لپیٹے ہوتے ہیں۔ یہ انہیں زیادہ ہلکے بناتے ہیں اور لین دین آسانی سے کیا جا سکتا ہے۔

## مدد طلب کرنا



| | |
|---|---|
| 186 186<br>خلاف منشیات ٹیلیفون انکوائری سروس | ایک 24 گھنٹوں کی خلاف منشیات ٹیلیفون سروس ہاٹ لائن جس میں پیشہ ور ماہر سماجی کارکن موجود ہوتے ہیں۔ یہ منشیات استعمال کرنے والوں اور ان کے والدین کے لئے مدد طلب کرنے کا ایک چینل فراہم کرتی ہے۔ |
| 98 186 186<br>انسٹینٹ میسیجنگ پلیٹ فارمز Whats App اور WeChat کے ذریعے استعمال کی جانے والی خلاف منشیات انکوائری سروس | آپ 8186 16 98 کو پیغام بھیجنے کے لئے یہ دونوں موبائل فون ایپلیکیشن استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ سروس پیشہ ور ماہر سماجی کارکنان کے ذریعے مشورہ اور اعانت فراہم کرنے کے لئے چلائی جاتی ہے۔ |

## دماغ پر اثر کرنے والی اشیاء استعمال کرنے والوں کے لئے 11 مشاورتی مراکز

**تنگ واہ ہسپتالوں کا گروپ - کراس سنٹر**

مرکزی مغربی، جنوبی اور جزائر دفتر (مرکزی مغربی، جنوبی اور جزائر دفتر) ٹیلیفون: 2884 0282

مشرقی اور وان چائی دفتر (مشرقی اور وان چائی ضلعے) ٹیلیفون : 2884 0282

**ہانگ کانگ لوتھرن سماجی خدمت**

ایور گرین لوتھرن سنٹر (کوون تونگ ضلع) ٹیلیفون: 2712 0097

رین بو لوتھرن سنٹر (وونگ طائی سین اور سائی کونگ ضلعے) ٹیلیفون : 2330 8004

چئیر لوتھرن سنٹر (طائی پو اور شمالی ضلعے) ٹیلیفون : 2660 0400

**ہانگ کانگ کرسچن سروس**

PS33 - شمشاتسوئی سنٹر (کولون شہر اور یو سِم مونگ ضلعے) ٹیلیفون: 2368 8269

PS33 - شام شوئی پو سنٹر (شام شوئی پو ضلع) ٹیلیفون: 3572 0673

**ہانگ کانگ چلڈرن اینڈ یُوتھ سروسز سین سنٹر** (سیون وان اور کوائی سِنگ ضلعے) ٹیلیفون: 2402 1010

**کیریتاس ہگز سنٹر** (تیون مون ضلع) ٹیلیفون: 2453 7030

**ایونجیلیکن لوتھرن چرچ ہانگ کانگ اینلائٹن سنٹر** (یین لونگ ضلع) ٹیلیفون : 2446 9226

**ہانگ کانگ شینگ کونگ ہوئی ویلفئیر کونسل نیو ہورائزن** (شا ٹِن ضلع) ٹیلیفون: 8202 1313



ویب نسخے کے لئے براہ مہربانی ایجوکیشن بیورو کے ہیلتھی اسکول پالیسی ویب پیج کو براؤز کریں۔

http://www.edb.gov.hk/antidrugforparents